(اقرار نامہ معاہدہ بیع بابت مکان)

نام و پتہ فریق اول / بائع (بیچنے والے کا یہاں لکھیں)--

(فریق اول / بائع)

نام و پتہ فریق دوئم / مشتری (خریدنے والے کا یہاں لکھیں)--

(فریق دوئم / مشتری)

فریق اول ایک عدد مکان نمبر ______ رقبہ تعدادی __________ کھیوٹ نمبر __________ کھتونی نمبر __________ خسرہ نمبر __________ واقع __________________ حدود اربعہ مشرق __________________ مغرب __________________ شمال __________________ جنوب __________________ جو کہ بروئے بیعنامہ رجسٹرڈ شدہ دستاویز نمبر __________ بہی نمبر ________ جلد نمبر __________ مورخہ __________ درج سب رجسٹرار __________ وبحوالہ انتقال نمبر __________ بیعہ منظور شدہ محکمہ مال ہے، کی رو سے مکان مذکورہ من مقر (فریق اول) کی ملکیت ہے۔ اور اسے بیع وغیرہ کرنیکا مجھے پورا پورا قانونی و اخلاقی حق حاصل ہے کوئی امر مانع نہ ہے۔ قبل ازیں بیع مبیعہ مکان مذکورہ بالا ہر قسم کی بار کفالت مثلاً رہن بیع ہبہ تبادلہ وصیت وقف بار حق مہر خانگی تقسیم سکیم مقدمات زیر باریوں جملہ تنازعات سرکاری ٹیکس سے مبرا و پاک وصاف ہے اگر کوئی سابقہ واجبات مکان مذکورہ کی بابت نکلے تو از گرہ خود رقم خرچ کر کے مکمل کلیئرنس مطابق تسلی مشتری کلیئر کروا کر دینے کا پابند ہونگا، فریق اول مذکورہ مکان کو فروخت کرنے جبکہ فریق دوئم مکان مذکورہ کو خریدنے پر رضامند ہے۔۔ لہٰذا من مقر نے بقائمی ہوش و حواس خمسہ و ثبات عقل برضا خود بلا جبر واکراہ غیرے مکان مذکورہ بالا بالعوض مبلغ __________ نصف جنکے مبلغ __________ ہوتے ہیں بدست و بحق __________ ، بیع کرنے کا معاہدہ کر کے کل رقم میں سے مبلغ __________ بطور بیعانہ نقد بشکل کرنسی نوٹ، رو برو گواہان حاشیہ مشتری مذکور سے وصول پالیا ہے۔ جبکہ بقایا رقم مبلغ __________ بوقت رجسٹری وصول پا کر قبضہ مکان حوالے مشتری کروں گا۔ میعاد رجسٹری از مورخہ __________ سے مورخہ __________ تک طے پائی ہے۔ من مقر بوقت رجسٹری ہمہ قسم بلز و پراپرٹی ٹیکس وغیرہ کلیئر کروا کر تازہ پی ٹی ون، کلیئرنس سرٹیفکیٹ، و تازہ فرد ملکیت برائے بیع تصدیق شدہ تحصیلدار و تازہ مصدقہ نقل بیعنامہ بمعہ سابقہ تمام اصل کاغذات بابت مکان مذکورہ بالا حوالے مشتری کرنے کا پابند ہونگا۔ اور اسکے علاوہ بوقت رجسٹری گین ٹیکس کی رقم بمطابق FBR ادا کرنے کا پابند ہونگا۔ مشتری اندر میعاد جب چاہے جس نام پر چاہے رجسٹری کروالیوے۔ خرچہ رجسٹری مشتری خود ادا کرے گا۔ مشتری DC ریٹ کے مطابق رجسٹری کروا سکتا ہے۔ مشتری معاہدہ بیع سے معاہدہ بیع کر سکتا ہے رقم بیعانہ وصول کر سکتا ہے، من مقر مطابق شرائط معاہدہ ہذا بقایا رقم وصول کر کے مشتری یا جس نام مشتری کہے گا رجسٹری کرنے کا پابند ہونگا۔ بعد از تکمیل شرائط مشتری اندر میعاد بقایا رقم ادا نہ کرے گا تو اس کا بیعانہ ضبط اور معاہدہ منسوخ ہو گا۔ من مقر اندر میعاد بقایا رقم وصول پا کر رجسٹری کرنے سے انکاری یا لیت و لعل کرونگا تو وصول شدہ بیعانہ کا ڈبل ادا کرونگا۔ یا مشتری چاہے عدالت سے رجسٹری کروالیوے جبری رجسٹری کی صورت میں خرچہ عدالت بذمہ من مقر ہو گا۔ جو مشتری بقایا زر

ثمن سے وضع کرلیوے۔ تکمیل شرائط کی بابت من مقر کی ذات خاص جائیداد منقولہ و غیر منقولہ بمعہ میرے وارثان قائم مقامان بازگشت قریبی یا بعیدی بہر کیف ذمہ دار ہوں گا۔ لہٰذا اقرارنامہ معاہدہ بیع رو برو گواہان حاشیہ پڑھ کر سن کر سمجھ کر درست تسلیم کرتے ہوئے اپنے دستخط و نشان انگوٹھا جات ثبت کردیئے ہیں تاکہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آوے۔المرقوم

مورخہ____________________

فریق اول/بائع ____________________ فریق دوئم/مشتری ____________________

گواہ شد____________________ گواہ شد____________________

شناختی کارڈ:____________________ شناختی کارڈ:____________________

رہائشی/پتہ:____________________ رہائشی/پتہ:____________________